بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 13 | بروز ہفتہ 11 دسمبر 2021ء 06 جمادی الاول 1443ھ | شمارہ 154 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

مشقیں جوانوں کے اعتماد و ہم آہنگی اور جنگی صلاحیت بہتر بنانے میں مدد کرتی ہیں، آرمی چیف

میدان جنگ میں سخت اور حقیقی معنوں میں تربیت ضروری ہے، جنرل قمر جاوید باجوہ نے سیالکوٹ میں چونڈا کے قریب چنوکی کے علاقے کا دورہ، گوجرانوالہ کور کی وکٹری شیلڈ مشقوں کا مشاہدہ کیا

مشقوں سے متعلق پلاننگ اور آپریشنل تیاریوں، مشقوں میں دفاعی اور جارحانہ پہلوؤں پر بریفنگ دی گئی، آرمی چیف نے تربیتی معیار اور پیشہ وارانہ قابلیت پر اطمینان کا اظہار کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے سیالکوٹ میں چونڈا کے قریب چنوکی کے علاقے کا دورہ کیا اور گوجرانوالہ کور کی وکٹری شیلڈ مشقوں کا مشاہدہ کیا۔ آرمی چیف نے کہا کہ مشقیں جوانوں کے اعتماد و ہم آہنگی اور جنگی صلاحیت بہتر بنانے میں مدد کرتی ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

قید و بند کی صعوبتیں اور جلاوطنی فرخندہ بخاری جیسی نڈر خاتون کا حوصلہ نہ توڑ سکیں، بلاول بھٹو

چیئرمین پیپلز پارٹی کی پروفیسر فرخندہ بخاری کی رہائشگاہ جا کر اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پروفیسر فرخندہ بخاری کی آبائی رہائشگاہ جا کر ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ سید حسن مرتضیٰ، شہزاد سعید چیمہ، الطاف قریشی، طارق خورشید، علی جہانگیر بدر اور دیگر بھی ان کے ہمراہ

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسکینڈل میں ملوث ملزمان کو ہر صورت کیفرِ کردار تک پہنچائیں گے، قدوس بزنجو

ویڈیو اسکینڈل انتہائی افسوس ناک ہے جس نے معاشرے کو ہلا کر رکھ دیا ہے، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں مجبور لڑکیوں کی نازیبا ویڈیوز بنا کر انہیں بلیک میل کرنے کا شرمناک اسکینڈل منظر عام پر آ گیا، ملزمان کی جانب سے نازیبا ویڈیوز وائرل کر دی گئیں، معاملے پر تحقیقاتی کمیٹی نے کام شروع کرتے ہوئے مرکزی ملزم سمیت 2 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، چیئرمین واپڈا مزمل حسین اور چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا واٹر سیکٹر پروجیکٹس بلوچستان کے حوالے بات چیت کر رہے ہیں

دستیاب آبی وسائل سے صوبے کی معاشی ترقی ہوگی، مطہر نیاز رانا

منصوبہ سے بلوچستان پٹ فیڈر کینال کے ذریعے اپنے حصے کے مطابق پانی حاصل کر سکے گا، منصوبہ کی بدولت بلوچستان میں آبپاش زراعت کو فروغ ملے گا، چیئرمین واپڈا سے گفتگو

واپڈا بلوچستان میں پانی کے شعبہ میں ایک اور منصوبہ شروع کر رہا ہے، واپڈا دیگر صوبوں کی طرح بلوچستان میں بھی پانی کے وسائل کو فروغ دیکر صوبہ کی ترقی میں بھرپور معاونت فراہم کرتا رہے گا، لیفٹیننٹ جنرل (ر) مزمل حسین

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) مزمل حسین کا چیف سیکریٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا سے ملاقات۔ ملاقات میں مجوزہ منصوبوں پر گفتگو۔ ملاقات میں چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) مزمل حسین واپڈا

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے ایم این اے احسان الحق باجوہ اور شوکت محمود بسرا ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے نوجوان میکا جوان پروگرام سے استفادہ کریں، عارف علوی

طلبا اپنی تعلیم پر توجہ دیں، ملکی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کریں، حکومت بلوچستان کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

طلبا انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں خود کو ہنرمند بنائیں، صدر مملکت کی بلوچستان ریذیڈنشل کالج لورالائی کے طلبا کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ طلبا انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں خود کو ہنرمند بنائیں، حکومت بلوچستان کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، بلوچستان کے نوجوان کامیاب جوان پروگرام سے استفادہ کریں۔ صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کو بلوچستان ریذیڈنشل کالج، لورالائی کے طلباء کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ بلوچستان کے طلبا و طالبات حکومتی تعلیمی سکالرشپ سکیم سے فائدہ اٹھائیں، حکومت احساس سکالرشپ پروگرام کے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نادرا نے خواجہ سراء افراد کیلئے رجسٹریشن مہم کا آغاز کر دیا

اپنی ذات کو اپنے نقطہ نظر کے مطابق منوانا آپ کا بنیادی حق ہے، چیئرمین نادرا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے 10 دسمبر کو منائے جانیوالے انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر خواجہ سراء افراد کیلئے رجسٹریشن مہم کا آغاز کر دیا جس کے دوران ملک بھر میں معاشرے کے اس محروم

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کابل دو دھماکوں سے گونج اٹھا، 2 افغان شہری جاں بحق، 4 دیگر زخمی

کابل (این این آئی) افغان دارالحکومت کابل دو دھماکوں سے گونج اٹھا جس میں کم از کم 2 افغان شہری جاں بحق اور ایک خاتون سمیت 4 دیگر زخمی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جو حکومت نے مہنگائی کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے، چنگیز جمالی

غربت مٹاؤ کا نعرہ لگانیوالوں نے اقتدار میں آ کر غریب مٹاؤ اقدامات کیے جس کی وجہ سے آج مہنگائی کا طوفان برپا ہو گیا

متوسط طبقہ دو وقت کی روٹی کی حصول کیلئے خدکشیاں کرنے پہ مجبور ہو گئے کرپشن بے روزگاری عروج پہ پہنچ گئی، صوبائی صدر پیپلز پارٹی

جعفر آباد (نمائندہ امروز) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی کال پر جعفر آباد کے ہیڈ کوارٹر شہر ڈیرہ اللہ یار میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کیخلاف پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی و ضلعی صدر سید عبداللہ شاہ بخاری کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی ریلی جمالی بائی پاس سے نکالی گئی اور مختلف راستو سے ہوتا ہوا تحصیل روڈ پر پہنچ کر دھرنے کی شکل اختیار کر گیا جہاں پر موجودہ حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی اور ضلعی صدر سید عبداللہ شاہ بخاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم عمران خان نے کراچی گرین لائن کا افتتاح کر دیا

کراچی (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کراچی میں گرین لائن بس منصوبے کا افتتاح کر

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اے این ایف بلوچستان کی کارروائیاں، 2763.01 کلوگرام منشیات برآمد کر لیں

کوئٹہ (این این آئی) اے این ایف بلوچستان نے 5 کاروائی کے دوران 2763.01 کلو گرام منشیات برآمد کر لیں۔ جبکہ منشیات کی اسمگلنگ

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آئندہ ہفتوں میں پاکستان میں پیٹرول کی قیمتوں میں کمی بھی کی جائیگی، شوکت ترین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی مشیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ آئندہ ہفتوں میں پاکستان میں

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صرف ویکسین شدہ افراد کو ہی سفر کی اجازت ہوگی، این سی او سی

موٹر وے، نیشنل ہائی ویز بین الاصوبائی باؤنڈریز پر بھی انسپیکشن ٹیمیں تعینات ہونگی، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) این سی او سی کی جانب سے ٹرانسپورٹ سیکٹر میں لازمی ویکسینیشن مہم جاری ہے، تمام فیڈریشنز کی جانب سے 8 سے 10 دسمبر

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام کو بجلی کی بہترین سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

عوام بھی اپنے ذمہ بجلی کی واجبات بقاعدگی سے ادا کرے، کواس، وام کے نئے فیڈرز کے افتتاحی تقریب سے صوبائی وزیر خزانہ

حلقے کے عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے سینکڑوں ترقیاتی منصوبے منظور کرائے ہے اور مزید ترقیاتی منصوبوں کو منظور کرنے کیلئے کوشاں ہوں

زیارت (حریف ترین) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام کے درینہ، حل طلب اور اجتماعی مسائل کا حل اولین ترجیحی ہے منہ، چنہ، زندرہ اور احمدون کیلئے جلد بجلی کے نئے فیڈرز منظور کرائے گے ضلع زیارت کے عوام کا 90 فیصد ذریعہ معاش زراعت سے وابستہ ہے یہاں پر چونکہ نہری نظام نہیں ہے ہزاروں فٹ نیچے کنویں / ٹیوب ویل / برمے کے ذریعے پانی نکالنا پڑتا ہے جس کیلئے بجلی کی اشد ضرورت ہوتا ہے کواس، اور وام کے عوام کو بجلی کی بہترین سپلائی کی فراہمی کیلئے نئے فیڈرز کی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہرنائی، ایف سی کی جانب سے ڈگری کالج ہرنائی میں کمپیوٹر لیب کا قیام

کمپیوٹر لیب میں طلباء کو تمام تر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے، مقررین کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ لورالائی سکاؤٹس کی جانب سے ڈگری کالج ہرنائی میں کمپیوٹر لیب کا قیام۔ تفصیلات کے مطابق فرنٹیئر کور

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ ریاست اور ہر شہری کی ذمہ داری ہے، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ووٹ کا صحیح استعمال قومی فریضہ ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

معاشرے میں ووٹ کے اندراج، حق رائے دہی کے استعمال کی اہمیت کو اجاگر کرنا اشد ضروری ہے، بیان

پاکستان میں خواتین نصف آبادی سے زیادہ ہیں اور ان کے ووٹ کی اہمیت مسلمہ ہے اور خواتین ملک کے لئے مخلص قیادت اور نمائندوں کے انتخاب میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ووٹ قومی امانت اور فریضہ ہے اور اس کا صحیح استعمال ہر پاکستانی کا حق اور ذمہ داری ہے۔ ووٹ کے صحیح استعمال ہی ہے ہم اپنے مستقبل کے لئے بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار کنوینئر ذیلی کمیٹی برائے قائمہ کمیٹی وزارت داخلہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ووٹرز کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ کا صحیح استعمال ہر پاکستانی پر فرض ہے اور بغیر کسی دباؤ اور زور زبردستی کے ووٹ کا حق استعمال کرنا حق ہے۔ ووٹ ہی کے ذریعے ہم مستقبل کے لئے مخلص قیادت اور نمائندوں کا

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عالمی تنظیموں کو فلسطین اور کشمیر کے مظلوم عوام کے بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ کرنا ہوگا، شہباز شریف

پاکستان میں انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کیلئے بہت کام کرنا باقی ہے، صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے انسانی حقوق کے عالمی دن پر فلسطین اور کشمیر کے عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

رانا شمیم نے بیان حلفی کے پیچھے نیک نیتی نظر نہیں آتی، اسلام آباد ہائیکورٹ

رانا شمیم نے تاثر دینے کی کوشش کی کہ بیان حلفی نوٹری پبلک لندن نے لیک کیا، عدالتی فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ہائی کورٹ نے رانا شمیم کے بیان حلفی سے متعلق خبر پر توہین عدالت کیس کی سماعت کے عبوری تحریری فیصلے میں کہا ہے کہ بادی النظر میں رانا شمیم کے بیان حلفی کے پیچھے نیک نیتی نظر نہیں آتی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہمیشہ کم قوت والوں نے بڑی قوت والوں کو شکست دی ہے، امان اللہ کنرانی

انقلاب فرانس قیدیوں نے لایا تھا تب سلاخوں ولوھے کی درودیواریں بھی زمین بوس ہوئیں اگر تاریخ میں جائیں

تاریخ گواہ ہے عوامی جدوجہد کے نتیجے میں بڑے بڑے برج گرے ہیں، سابق صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے اپنے ایک بیان میں گوادر میں عوامی ریلی کے موقع پر پیغام میں کہا ہے کہ تاریخ گواہ ہے کہ عوامی جدوجہد کے نتیجے میں بڑے بڑے برج گرے ہیں انقلاب فرانس قیدیوں نے لایا تھا تب سلاخوں ولوھے کی درودیواریں بھی زمین بوس ہوئیں اگر تاریخ میں جائیں ہمیشہ کم قوت والوں نے بڑی قوت والوں کو شکست دی ہے۔ بحر بلوچ کے فرزند و گوادر کے وارثو تمہاری دولت و ایسا لوٹ کر لے جائے جانے کا منصوبہ ہے جیسے 1952 سے سوئی گیس لے جا کر

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے پاکستان انجینئرنگ کونسل کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ملک میں مہنگائی کا دفاع نہیں کیا جا سکتا، علی حیدر

لندن (این این آئی) وزیر بحری امور علی حیدر زیدی نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی کا دفاع نہیں کیا

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

انتخابی مہم، 206 پی پی کے ضمنی انتخابات میں خلاف ورزی کرنیوالوں کو جرمانہ کیا جا سکتا ہے، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ 206 پی پی کے ضمنی انتخابات میں خلاف ورزی کرنے والوں کو جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔ جمعہ کو

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی ملک کی ترقی کا محور ہے، کراچی خوشحال پورا پاکستان خوشحال ہوگا، وزیر اعظم

ملک کو سب سے زیادہ ریونیو دینے والے شہر کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہیں، جدید شہر بنانے کیلئے کراچی کا مینجمنٹ سسٹم ٹھیک کرنا ہوگا

بنڈل آئی لینڈ سے سندھ کو فائدہ ہوگا، عوامی مفاد کے منصوبوں میں ایک دوسرے سے تعاون اور مل کر چلنے سے سب کو فائدہ ہوگا، گرین لائن بس سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ کراچی ملک کی ترقی کا محور ہے، کراچی خوشحال پورا پاکستان خوشحال ہوگا، ملک کو سب سے زیادہ ریونیو دینے والے شہر کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہیں، جدید شہر بنانے کیلئے کراچی کا مینجمنٹ سسٹم ٹھیک کرنا ہوگا، کراچی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت وعدوں پر عمل جاری ہے، بنڈل آئی لینڈ سے سندھ کو فائدہ ہوگا، عوامی مفاد کے منصوبوں میں ایک دوسرے سے تعاون اور مل کر چلنے سے سب کو فائدہ ہوگا، موجودہ حکومت نے عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے وہ کام کیے جو ترقی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر کزانہ حاجی نور محمد دمڑ کو ڈاکٹر رشید مسعود جعفر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

پاکستان انسانی حقوق کی پاسداری پر یقین رکھتا ہے، محمد صادق سنجرانی

پارلیمان میں انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے موثر قانونی سازی کی جا رہی ہے، چیئرمین سینیٹ

انسانی حقوق کا درس اسلامی تعلیمات میں بھی موجود ہے، بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ ریاست اور ہر شہری کی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ پاکستان انسانی حقوق کی پاسداری پر یقین رکھتا ہے، بنیادی انسانی حقوق کا

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خواتین کی عزت لوٹنے، سرعام تشدد کرنیوالے افراد کو نشان عبرت بنایا جائے، جمعیت (س)

ایسے واقعہ پر مذہبی اور قوم پرست جماعتوں کی خاموشی معنی خیز ہے، مولانا محمد شفیق دولت زئی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی رہنماء و صوبائی ترجمان مولانا محمد شفیق دولت زئی نے خواتین کے ساتھ زیادتی، فحش ویڈیو بنانے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جھونپڑی کی رہائشی خاتون کی درخواست پر آپریشن روکنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی دارالحکومت کے علاقے ای 11 کی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سی، ایف سی کی جانب سے عوام میں اشیاء ضروریہ تقسیم کیا گیا

نادار اور ضرورت مند افراد کو بڑی تعداد میں سبزیاں اور آگ جلانے کیلئے لکڑیاں فراہم کی گئیں

کوئٹہ (پ ر) سی میں ایف سی کی جانب سے نادار اور ضرورت مند افراد میں اشیاء ضروریہ تقسیم کیا گیا تفصیلات کے مطابق فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ سی سکاؤٹس نے سی اور گردونواح میں رہنے والے مزدوروں، ضرورت مند اور نادار افراد میں مختلف

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خاتون کی قابل اعتراض ویڈیوز بنا کر 4 کروڑ روپے ہتھیانے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) خاتون کی قابل اعتراض

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم بے شک سندھ کو اپنا صوبہ نہ سمجھیں مگر سندھ پاکستان کو صوبہ ہے، وزیر اطلاعات سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اطلاعات سندھ سعید

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

منی لانڈرنگ مقدمہ، شہباز شریف، حمزہ شہباز اور دیگر کیخلاف چالان تیار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے نے منی لانڈرنگ مقدمے میں شہباز شریف، حمزہ شہباز اور

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جنید صفدر کے ولیمے کی تقریب 17 دسمبر کو لاہور میں ہوگی جس کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں

ولیمہ ابوجان نواز شریف، ماموں حسن، حسین، خالہ اسماء اور علی ڈار خالو کے بغیر ادھورا رہے گا، جنید صفدر

لندن (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کے بیٹے جنید صفدر نے کہا ہے کہ ولیمہ ابوجان نواز شریف، ماموں حسن، حسین، خالہ اسماء

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نام نہاد احتساب کرنیوالوں کا بھی ایک دن احتساب دیکھیں گے، شاہد خاقان عباسی

جب سچ اور حق چھپایا جائے گا تو ملک نہیں چل سکتا، جب تک شفاف انتخاب نہیں ہوگا، سابق وزیر اعظم

کراچی (این این آئی) سابق وزیر اعظم شاہد

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نون لیگ بتائے کیا کراچی گرین لائن منصوبہ 90 فیصد مکمل تھا؟ اسد عمر

سندھ حکومت نے بسیں خریدنے سمیت کچھ کام کے لیے ایس آئی ڈی سی ایل سے درخواست کی تھی، وفاقی وزیر

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر اسد عمر نے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاسکو کے پاس 10 لاکھ ٹن گندم کے ذخائر موجود ہیں، سید فخر امام

کسی بھی صوبے کی اضافی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے گندم موجود ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام نے کہا ہے کہ پاسکو کے پاس 10 لاکھ ٹن گندم کے ذخائر موجود

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ ایک بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر 13 دسمبر سے ملک میں شروع ہونے والے پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان قطر کیساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے، قاسم سوری

قطر کے ڈپٹی اسپیکر سے ملاقات، دونوں ممالک کا اقتصادی، تجارتی، دفاعی شعبوں سمیت دیگر شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

پاکستان میں موجود ہنرمند افرادی قوت فیفا ورلڈ کپ کے سلسلے میں انفراسٹرکچر کی تعمیر، سیکورٹی فراہم کرنے میں بہترین خدمات سرانجام دے سکتی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ پاکستان قطر کیساتھ برادرانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے اور پارلیمانی و اقتصادی رابطوں کے فروغ کے ذریعے انہیں مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے، پاکستان میں موجود ہنرمند افرادی قوت فیفا ورلڈ کپ کے سلسلے میں انفراسٹرکچر کی تعمیر، سیکورٹی فراہم کرنے میں بہترین خدمات سرانجام دے سکتی ہے۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے ان خیالات کا اظہار (پی یو آئی سی) کے 16 ویں اجلاس کے موقع پر قطر کی ڈپٹی اسپیکر سے ہونیوالی سائڈ لائن میٹنگ میں گفتگو

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مخصوص طبقے کا مقصد پاکستان کا بدنام کرنا ہے، شاہ محمود قریشی

جب بھی کوئی واقعہ پاکستان میں پیش آتا ہے تو مخصوص طبقہ پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کرتا ہے، وزیر خارجہ

ہمیں اس سے محتاط رہنا ہوگا اس کے عزائم کو ناکام بنانا ہوگا، پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے اسے خطے میں اپنی ذمہ داریوں کا بھرپور احساس ہے

ملتان (این این آئی) حضرت بہاؤ الدین زکریا و حضرت شاہ رکن الدین عالم کے سجادہ نشین و وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ جب بھی کوئی واقعہ پاکستان میں پیش آتا ہے تو ایک مخصوص طبقہ پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کرتا ہے اور وہ دنیا کے سامنے برعکس واقعات پیش کرتا ہے۔ اس مخصوص طبقے کا مقصد پاکستان کا بدنام کرنا ہے۔ ہمیں اس سے محتاط رہنا ہوگا اس کے عزائم کو ناکام

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 1

بیواؤں، یتیموں اور خصوصی افراد کی مدد کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ خصوصی افراد کو ملک اور صوبے کے مفید شہری بنانے کیلئے حکومتی سطح پر اقدامات کئے جا رہے ہیں آج کی یہ دن منانے کا مقصد یہ ہے کہ معاشرے کے تمام افراد کو برابری کی بنیاد پر انکو اپنا حق ملنا چاہیے۔ معاشرے میں بسنے والے افراد میں بچوں، بوڑھوں، جوان، اور معذور افراد سے اظہار یکجہتی کرنا اور انکی حقوق اور فلاح و بہبود کی فروغ دینا ہے معذور افراد کو کسی بھی طرح کی احساس کمتری کا شکار ہونے سے بچا کر عام افراد کی طرح زندگی گزارنے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ سیکرٹری سماجی بہبود عبدالیطف کاکڑ نے کہا کہ معذور افراد نے اپنی محنت اور لگن سے معذوری کو شکست دے کر ملک کے ہر شعبے زندگی میں اپنا لوہا منوایا ہے اور انھوں نے اپنی صلاحیتوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر انہیں اچھی سہولتیں فراہم کئے جائیں اور انکے تعاون کیا جائے تو وہ بھی عام لوگوں کی طرح آپنی زندگی خوشی خوشی بسر کرسکتا ہیں حکومت بلوچستان اور محکمہ سماجی بہبود معذور افراد کے بنیادی حقوق کا مکمل خیال رکھتا ہے اور یہ محکمہ سماجی بہبود حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے تا کہ معذور افراد کے ساتھ سماجی، معاشرتی اور معاشی معاملات میں انکو آگے بڑھنے کا حوصلہ دیا جاسکیں۔ سیکرٹری سماجی بہبود عبدالیطف کاکڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان عوامی انڈومنٹ فنڈز حکومت بلوچستان اور محکمہ سماجی بہبود کی ایک انقلابی اقدام ہیں بلوچستان عوامی انڈومنٹ فنڈز کے تحت 8 موذی امراض جن میں کینسر، امراض قلب کے سنگین مرض حادثاتی طور پر جھلس جانے والے مریضوں کے علاج، گردوں کی پیوندکاری کی سہولت، برقان کے امراض میں مریض کے جگر کی پیوندکاری، تھیلسیمیا اور خصوصی افراد کی علاج معالجے کیلئے اب تک کثیر تعداد میں ضرورت مند اور عام لوگوں کے مکمل علاج کا بندوست کیا جاچکا ہے۔ جو کہ اب تندرست اور خوش گوار زندگی کی طرف لوٹ رہا ہیں۔ تقریب سے دیگر مقررین نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا معذور افراد معاشرے کے ہر فرد کی مدد کیلیے ہمیں معاشرے کے ذمہ دار افراد کی حیثیت اپنی فرائض ادا کرنی چاہیے۔

بقیہ 2

عمران کاسی، اعجاز عمران، میر عبدالحی کھیازئی، کمال خان ریاض الدین نے شرکت کی اجلاس میں زیرغور مختلف موضوع پر بات چیت ہوئی جس میں سب سے بڑا مسئلہ لائیوسٹاک کی زمینوں کی بندر بانٹ ہیں۔ ایپکا لائیوسٹاک یونٹ آپ جناب چیف سیکرٹری گورنمنٹ آف بلوچستان سے اپیل کرتی ہے کہ ہماری زمینیں ڈپارٹمنٹ کو واپس کرائی جائیں۔

بقیہ 3

ودیگر موجود تھے ایم ایس ڈاکٹر اصغر مری نے ڈپٹی کمشنر کو ہلو کو ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کے بارے میں خصوصی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں زیرعلاج مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات کی فراہمی کے بارے میں دریافت کی جس پر انہوں ڈی ایچ کیو کو ہلو کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ضلع میں عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی میں کوئی غفلت اور کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی ڈی ایچ کیو سمیت تمام دیہی، بنیادی مراکز صحت کے اسٹاف اپنی حاضری کو یقینی بنائیں اور طبی مراکز صحت میں آنے والے مریضوں کے علاج ومعالجے میں کوئی کسر نہیں چھوڑا جائے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں انتظامی مشینری کو فوری طور پر ہنگامی حرکت میں لایا جارہا ہے تا کہ شہریوں کو سہولیات تک رسائی میں آسانیاں پیدا ہوں۔

بقیہ 4

نہیں دے سکتا لہذا میں سربراہی سے دستبردار ہوتا ہوں اور انشاء اللہ برادری کے صلح ومشورے سے نیا سربراہ مقرر کیا جائے گا اور جو بھی نیا سربراہ مقرر ہوگا اس کے ساتھ مکمل تعاون رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ 2014 سے مجھے برادری کا سربراہ مقرر کیا گیا تھا اور ان سات سالوں میں برادری کے ساتھ مجھ سے جتنا بھی ہوسکا میں نے اپنی ذمہ داری نبھائی اور جو برادری نے مجھ پر اعتماد کیا تھا کوشش کی تھی نبھا سکوں اور جتنا بھی ہوسکا میں نے کوشش کی کہ معاملات کو جائز طریقے سے حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا لسبیلہ سمیت بالخصوص میں تحصیل وندر کے دیگر قبائل کے معززین کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ہر جائز معاملات میں مجھ سے بلکہ پوری برادری کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا اور مجھے عزت بخشی میں تمام برادری کا شکر گزار ہوں۔

بقیہ 5

صدر خمیسہ خان ابڑو، سینئر رہنماء صالح محمد سومرو ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں ملک فہیم بڑیچ کو صوبائی صدر پاکستان یوتھ پیس موومنٹ بلوچستان بننے پر دلی کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید کی ہے کہ صوبائی صدر اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر پارٹی کو فعال کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے پارٹی کو بلوچستان کے گھر گھر بلوچستان کے پہاڑوں اور صحراوں تک لیجائیں گے انہوں نے تمام عہدیداوں اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ صوبائی صدر کا ہاتھ مظبوط کرکے انہیں مذید کامیاب بنائیں

بقیہ 6

انھوں نے اپنے آفس میں پریس کلب کے صحافیوں کے وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر بلوچستان میر یاسر خان یاسین زئی نے جب سے محکمہ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ کا چارج سنبھالا ہے محکمہ کے ملازمین کے مسائل حل ہورہے ہیں اور ان کی کارکردگی کو ملازمین نے کاموں کو سراہا۔ اور ان کے آنے سے ملازمین کو ترقی بھی دی جارہی ہے جو بہت جلد ترقی دی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ میں نے جھل مگسی کی دعوت دی ہے وہ بہت جلد جھل مگسی کا دورہ بھی کریں گے۔ اور محکمہ کے ملازمین کے مسائل بھی سنے گے۔ انھوں نے کہا کہ صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی کی ہدایت پر محکمہ پاپولیشن ویلفیئر جھل مگسی جانب سے ایک روزہ سیمینار کا بھی انعقاد کرایا جائے تا کہ عوام کو آبادی کنٹرول کرنے کیلئے آگاہی شعور دی جائے گی تا کہ عوام آبادی کنٹرول کرنے اور اپنے بچوں کو صحت مند کیلئے وقفہ لازمی ہے جس سے آبادی میں کنٹرل پر ترقی اور تعلیم پر زیادہ توجہ ہوگی تو عوام کو فائدہ ہوسکے گا۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیر آفیسر ممتاز علی مگسی نے کہا کہ ایک روزہ سیمینار میں صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی اور سیکرٹری پاپولیشن ویلفیر بلوچستان میر یاسر خان یاسین زئی بھی پروگرام میں شرکت کریں گے اور تمام ڈیپارٹمنٹ کے آفسران کو بھی دعوت دی جائے گی انھوں نے کہا کہ محکمہ بہبود آبادی کے تمام سٹنرز فعال ہیں اور ملازمین سٹنرز میں موجود ہیں جو عوام کو ادویات کی سہولیات فراہم کررہے ہیں انھوں نے کہا کہ عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے دن رات کوشاں ہیں عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے تمام بروئے کار لائے جارہے ہیں

بقیہ 7

چاہیے کہ وہ اس مرض کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے حکومت کا بھرپور انداز میں ساتھ دیں پولیو کا مرض ہمارے بچوں کے مستقبل کو تباہی کے دیہانے پر پہنچا رہا ہے پولیو کے قطرے نہ پلانے والے افراد اپنے بچوں اور ملک کے خیر خواہ نہیں ہیں ایسے افراد کے ساتھ مشاورت کے لیے ضلعی اور تحصیل کی سطح پر کمیٹیاں تشکیل دی جائیں تا کہ علاقے اور محلوں کے معتبرین سے مل کر انہیں پولیو کے خطرات کے متعلق آگاہ کیا جائے کہ ہمیں تمام بچوں کو پولیو سے بچانے کے لیے ہر صورت قطرے پلانے ہیں غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈویژنل سطح پر انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اجلاس میں ڈویژن بھر کے ڈپٹی کمشنرز ایس ایس پیز وتمام ڈی ایچ اوز کے علاوہ who کے نمائندوں نے شرکت کی ڈبلیو ایچ او کے نمائندے نے پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ میں درپیش مسائل وحائل مشکلات ودیگر کئی اہم امور کے بارے میں تفصیل کے ساتھ آگاہی دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نصیر آباد ڈاکٹر محمد سعید جمالی نے کہا کہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے مائیکرو پلان پر کام کرنے کی اشد ضرورت ہے اور تمام آفیسران مانیٹرنگ کے عمل کو مزید تیز کریں پولیو مرض سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے ہمیں مزید بہتر انداز میں کام کرنے کیلئے ٹھوس منصوبہ بندی کی ضرورت ہے اگر ہم نے سستی کا مظاہرہ کیا تو ہماری محنت رائیگاں ہو جائے گی اسی لیے ضروری ہے کہ ہم کام کی نوعیت کو مزید موثر انداز میں بنائیں اچھی کمپین کریں گے تب جا کر ہم کامیابی سے ہمکنار ہونگے اس لئے ہم سب کو اپنے فرائض منصبی سرانجام دہی میں سستی کا مظاہرہ ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔

بقیہ 8

مراسلہ موصول ہوا ہے جس میں بتایا گیا کہ گڈانی میں لنگر انداز ہونے کیلئے انے والے بحری جہاز ایم وی ایٹلانٹک انٹرپرائز میں خطرناک مواد کی موجودگی کی اطلاع ہے وفاقی محکمہ موسمیاتی تبدیلی کی اطلاع پر انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی نے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے ڈپٹی ڈائریکٹر ای پی اے عمران کاکڑ نے بتایا کہ تحقیقات مکمل ہونے تک جہاز کے لنگر انداز ہونے پر پابندی عائد رہے گی ،ایٹلانٹک انٹرپرائز نامی جہاز کو ایان شپ بریکرز کمپنی شپ بریکنگ کیلئے گڈانی لائی تھی۔

بقیہ 9

تھی۔ پولیس اور فرانزک ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر شواہد جمع کرنے شروع کردیئے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی ایف آئی آر بچی کے والد کی مدعیت میں درج کرلی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق جائے وقوع سے متعدد افراد کے پاؤں کے نشانات ملے ہیں، فورنزک ٹیم کی رپورٹ کی مدد سے ملزمان کو جلد ٹریس کرلیا جائے گا۔

بقیہ 10

متن میں کہا گیا ہے کہ بلدیہ عظمیٰ کے الیکٹریشنز کے پاس الیکٹرک سیفٹی جیکٹس، سیفٹی گلوز اور دیگر حفاظتی سامان موجود نہیں، حفاظتی سامان نہ ہونے کی وجہ سے 20 الیکٹریشنز دوران ڈیوٹی کرنٹ لگنے سے ہسپتال جاچکے ہیں، الیکٹریشنز کے پاس حفاظتی سامان نہ ہونے سے عوام میں سخت تشویش پائی جاتی ہے۔

بقیہ 11

تصدیق ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نیب کے کردار پر کئی بار سوال اٹھا چکی ہے، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے درست سوال پوچھا ہے کہ بغیر شوائیر ریفرینس کس کے کہنے پر بنائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی بڑی سیاسی جماعت کے قائد اور سابق صدر مملکت کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کے زمہ داران کا گھناؤنا کردار بے نقاب ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری پر بغیر ثبوت و شوائدر یفرنسز کی حقیقت سامنے آگئی ہے، آصف علی زرداری کی گیارہ سال قید رکھنے والوں کو سزا اور ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آصف زرداری کو جیل میں رکھنے اور پیشیاں کرانے والے کس کو جوابدہ ہیں ؟، نیب کا سیاسی مخالفین کے خلاف انتقامی ہتھیار استعمال ثابت ہورہا ہے۔

بقیہ 12

تین سال میں انہیں کرپٹ بنایا ہے؟، بلکہ ہمارے دور میں ان میں بہتری آئی ہے، امریکہ میں دس ملین لوگ ہر سال گھریلو تشدد کا شکار ہوتے ہیں، برطانیہ میں یہ شرح 7.9 فیصد، ملائیشیاء میں 4.9 ہے اور بھارت میں 19 فیصد تک ہے، پاکستان کی جتنی گھناؤنی تصویر دکھائی جاتی ہے اتنی ہے نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں انسانی حقوق کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر اعجاز عالم آگسٹین سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے اپنے ذہن میں بہت کچھ سوچ رکھا ہے، کئی دہائیوں بعد جب نارروال میں کچھ نہ کچھ بنے گا تو کہیں احسن اقبال اس وقت بھی علامتی افتتاح نہ کردیں کہ اس کا خواب تو میں سوچا تھا، اپوزیشن کو کہنا چاہوں گا بالکل افتتاح کیجیے لیکن اگر آپ نے خربوزے کھانے ہیں تو بیج بھی کھانے پڑنے ہیں۔ آپ نے جو تباہی پھیلائی ہے، جو کرتوت کئے ہیں اس کی ذمہ داری بھی لینا پڑے گی، دنیا میں پاکستان کی جو جگ ہنسائی ہورہی تھی اس کا ذمہ بھی لینا پڑے گا، آپ ہوش کے ناخن لیں، ایسا نہیں ہوسکتا کہ میٹھا میٹھا ہپ ہپ اور کڑوا کڑوا تھوتھو۔ آپ نے ستر سال سے تباہی پھیری ہوئی ہے، کوئی ادارہ بہتر نہیں رہنے دیا، آپ کے بیگاڑ پانچ، دس سال میں درست نہیں ہوں گے بلکہ اس کے لئے وقت درکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جو اشرافیہ ہے ان میں سے اکثریت اپنے رہن سہن کے لئے وسائل کے بارے میں نہیں بتا سکتی لیکن ایک دوسرے کی کرپشن کی وضاحتیں دیتے ہیں۔ جس دن یہ طے کرلیا گیا کہ جو بھی غلط کرے گا اسے سزا دینی ہے تو پھر انسانی حقوق بھی ملیں گے، سیاسی صورتحال بھی بہتر ہوگی، حکومتوں کا بھی احتساب ہوگا، پھر کوئی حکمران کم ووٹ پڑنے سے بلیک میل نہیں ہوگا، یہ نہیں ہوگا کہ اس چیز کو کریں ورنہ یہ کردیں گے، شوگر مافیا کے خلاف ایکشن لیا تو پھر کارروائی ہوگی، لیکن اس کے لئے واضح فیصلے لینے پڑنے ہیں۔ اوورسیز پاکستان یہاں آکر ہم سے تین سال میں نیا پاکستان بنانے کا تقاضہ کرتے ہیں لیکن ہم سے میرٹ سے ہٹ کر کام کی سفارش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ میں دس ملین لوگ ہر سال گھریلو تشدد کا شکار ہوتے ہیں ان میں تین میں سے ایک عورت اور ہر چار میں سے ایک مرد گھریلو تشدد کا شکار ہوتے ہیں، یہی صورتحال دنیا کے دیگر ممالک میں بھی ہے۔ امریکہ میں 27 فیصد خواتین کو ان کا خاوند، بوائے فرینڈ یا پارٹنر قتل کردیتا ہے، گھریلو تشدد کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، برطانیہ میں گھریلو تشدد کی شرح 9. 7 فیصد ہے حالانکہ امریکہ اور یورپ کی سوشل ویلیوز ایک ہی ہیں مذہب بھی ایک ہی ہے۔ کلچر مزاج بنتے ہیں اس کا بھی عمل دخل ہوتا ہے، اس میں لکھاریوں کا اور ادب سے وابستہ لوگوں کا گہرا اثر ہوتا ہے۔ ایک مسلمان ملک ملائیشیاء ہے وہاں پر گھریلو تشدد کی شرح 4.9 ہے، بھارت میں یہ شرح 19 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ میں جو واقعہ ہوا وہ بدنما واقعہ ہے اور اس کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے لیکن جب انسان حیوان بنتے ہیں تو پاکستان میں حیوان بنیں، امریکہ میں بنیں یا بھارت میں بنیں نتیجہ وہی نکلتا ہے، اس کا حل معاشروں میں ملک عدنان جیسے انسانوں کا ہونا ضروری ہے۔ آج ہمارے مسائل کی وجہ بزرگوں کا چیک اینڈ بیلنس کا کم ہونا ہے۔ پاکستان میں عورت کو ووٹ کا حق 1947 میں ہی مل گیا تھا جبکہ کینیڈا میں 1960، آسٹریلیا میں 1962 اور سوئٹزر لینڈ میں 1971 میں ملا، پاکستان میں تو 1988ء میں خاتون کو وزیراعظم بنا دیا گیا تھا، ہمارے کلچر کے حوالے سے غلط فہمیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں این جی اوز خواتین کے حقوق پر بات کرتے ہوئے نظر آتی ہیں لیکن انسانی حقوق پر اس طرح بات نہیں ہوتی جس کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہاں پر امیر اور غریب کا فرق ہے ان کے لئے دو پاکستان ہیں اور اس کی وجہ قانون کی عملداری نہ ہونا ہے۔ میرا جتک عزت کا دعویٰ دو سال سے چل رہا ہے حالانکہ میں حکومتی عہدیدار ہوں اور ایسا لگتا ہے کہ یہ دو چار سال اور بھی چلے گا۔ جب تک قانون کی عملداری نہیں ہوگی کوئی معاشرہ آگے نہیں بڑھ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان کے منصوبوں کے حوالے سے چار ہزار حکم امتناع ہیں، مسابقتی کمیشن نے 27 کروڑ روپے جرمانہ کیا اس پر عدالت کا بارہ سال حکم امتناع رہا، ہمارے دور میں شوگر ملوں کو چالیس ارب کا جرمانہ ہوا اس کا بھی حکم امتناع آ گیا ہے۔ یہاں جس کی مرضی پگڑی اچھال دیں کوئی قانون نہیں ہے، خاتون عدالت نہیں جاتی اتنا لمبا کیس کون لڑے گا، جب قانون کی عملداری ہوگی تو انسانی حقوق پنپ سکیں گے۔

بقیہ 13

پور کے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ صحبت پور نیا ضلع ہونے کی وجہ سے مسائل زیادہ ہیں لیکن ان مسائل کو قابو کرنے کے لئے دن رات محنت سے کام جاری ہے اور عوامی مسائل کو فوری حل کرنے کی کوشش کررہے ہیں ایجوکیشن۔ صحت پر کوئی سمجھوتا نہیں عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گے اور میری میڈیا سے گزارش ہے کہ وہ مسائل کی نشاندھی کرنے میں میری مدد کریں انھوں نے کہا کہ غریب عوام کیلئے میرے آفیس کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں عوام کے جائز مسائل حل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔

بقیہ 14

77 ہزار شہری رجسٹرڈ ہوگئے، وزیراعظم آفس کے مطابق شہریوں کی جانب سے پاکستان سیٹیزن پورٹل پر 4.4 ملین شکایات درج کی گئیں، پاکستان سے 42 لاکھ اور اوریسز پاکستانیو کے جانب سے 2 لاکھ 15 ہزار شکایات موصول ہوئیں، پاکستان سیٹیزن پورٹل پر اب تک 40 لاکھ شکایات نمٹائی گئیں، پاکستان سیٹیزن پورٹل نے کارکردگی پر 46 فیصد شہریوں کا اظہار اطمینان کیا۔

بقیہ 15

میں اب تک 28 ہزار 812 کورونا وائرس کے مریض انتقال کرچکے ہیں، اس موذی وائرس کے کُل مریضوں کی تعداد 12 لاکھ 88 ہزار 366 ہوچکی ہے۔ ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، ویٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 9 ہزار 485 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 758 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، 12 لاکھ 50 ہزار 69 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہوچکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 42 ہزار 978 ٹیسٹ کیئے گئے، اب تک کُل 2 کروڑ 24 لاکھ 28 ہزار 325 کورونا ٹیسٹ کیئے جا چکے ہیں۔ پاکستان بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 12 لاکھ 27 ہزار 596 افراد کو کورونا وائرس کی ویکسین دی گئی، اب تک کُل 13 کروڑ 1 لاکھ 7 ہزار 583 کورونا ویکسین کی خوراکیں دی جاچکی ہیں جبکہ 5 کروڑ 45 لاکھ 56 ہزار 748 افراد کی مکمل ویکسینیشن ہوچکی ہے۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دیگر صوبوں سے زیادہ 4 لاکھ 77 ہزار 466 ہوچکی ہے، جبکہ اس سے کُل اموات 7 ہزار 631 ہوگئیں۔

بقیہ 16

سے انکار کردیا، جس پر انہیں سیکیورٹی نے 10 منٹ تک روکے رکھا۔ اس حوالے سے علی زیدی کا کہنا ہے کہ مجھے برطانوی پارلیمنٹیرین نے ملاقات کے لیے بلایا تھا، سیکیورٹی نے جیکٹ اتارنے اور موبائل دینے کا کہا تو میں نے کہا کہ واپس جانا چاہتا ہوں۔ وفاقی وزیر علی نے کہا کہ میں واپس چلا گیا تو برطانوی پارلیمنٹیرین کے فون آئے کہ پروٹوکول میں غلطی ہوئی تھی۔

بقیہ 17

کیلئے 31 ارب روپے خرچ کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر فرخ حبیب نے یہ بات جمعہ کو فاسٹ نیشنل یونیورسٹی چنیوٹ کے فیصل آباد کیمپس میں منعقدہ دو روزہ قومی پاکستان آئی ٹی پروفیشنلز کانفرنس کے شرکا سے خطاب کررہے تھے جس کا انعقاد فاسٹ نیشنل یونیورسٹی کے سٹوڈنٹس چیپٹر اے سی ایم نے ٹیکنولیجنگو کے اشراک سے کیا تھا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر فاسٹ نیشنل یونیورسٹی چنیوٹ فیصل آباد کیمپس ڈاکٹر شہزاد سرفراز نے وزیر مملکت اطلاعات فرخ حبیب کو سووینیئر بھی پیش کیا۔

بقیہ 18

چوکیدار اور سکیورٹی گارڈز سے صرف 8 گھنٹے کی ڈیوٹی لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ سید غضنفر عباس کا کہنا ہے کہ چوکیداروں سے 24، 24 گھنٹے کی ڈیوٹیاں لی جارہی ہیں جو کے سراسر زیادتی ہے۔ درخواست میں چوکیدار اور سکیورٹی گارڈز کو ہفتہ وار چھٹی دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ سکول سربراہان درجہ چہارم سے غیر متعلقہ کام نہ لینے کا بھی مطالبہ کرتے ہیں۔

بقیہ 19

مقاصد کے لئے مہنگی بجلی مہنگی پیداوار کا باعث ہے، مختلف سرچارج سمیت 9 قسم کے ٹیکسز سے بجلی مہنگی ہونے سے پیداواری لاگت دیگر ممالک کی نسبت زیادہ ہے، صنعتوں کو بجلی وگیس جیسی بنیادی یوٹیلیٹز مہنگی ملنے سے معیشت تباہی کی طرف لے جانے کے مترادف ہے، تجارتی خسارہ میں اضافہ اور برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے کی اہم وجہ مہنگی بجلی بھی ہے، جس کی قیمت میں کمی کی جانی انتہائی ضروری ہے، بجلی کی قیمتوں میں کمی سے ہی برآمدات میں اضافہ اور تجارتی خسارہ میں کمی کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 20

خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف ان سیاسی مافیاز کے خلاف میدان میں ہے جن کی یہاں کئی نسلیں پروان چڑھ چکی ہیں اور وہ نظام کو اپنے زیر تسلط رکھنا چاہتی ہیں۔ وزیراعظم عمران خان نے اپنے عزم اور حوصلے سے تناور درخت کی صورت اختیار کرنے والے مافیاز کی جڑوں کو ہلا دیا ہے اور انشااللہ آئندہ عام انتخابات میں عوام انہیں جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔ جمشید اقبال چیمہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے بہت سے سنجیدہ رہنما اپنی قیادت کی کرپشن کا دفاع کرکے عاجز آچکے ہیں اسی لئے وہ ان کی سیاست سے متنفر ہوکر تحریک انصاف میں شمولیت کے لئے رابطے میں ہیں۔ انشااللہ آئندہ عام انتخابات میں بھی تحریک انصاف بھرپور کامیابی حاصل کرے گی اور پنجاب کے بعد سندھ میں بھی سرپرائز دے گی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف عوام کی خدمت کا جذبہ لے کر میدان عمل میں ہے اور عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔

بقیہ 21

تو امید ہے کہ شہر اور گردونواح میں ہونے والی سینکڑوں وارداتیں میں ملوث نکلے گی، تاجروں اور شہریوں کا دوکان کے مالک کی گرفتاری پر روڈ بلاک کر کے پولیس کیخلاف نعرے بازی، پولیس روڈ بلاک کر کے احتجاج کرنے والوں کے خلاف بھی الگ مقدمہ درج کرلیا، این این آئی کے مطابق فیصل ا؟ بادتھانہ ملت ٹاؤن کے علاقہ میں خواتین کو سر عام برہنہ کرنے کے معاملے میں اہم پیشرفت خواتین خود برہنہ ہوئیں یا کیا گیا CCTV فوٹیجز نے سارا ماجرا دکھا دیا ویڈیو دیکھئے، فوٹیج میں نظر ا؟ نے والی خواتین وارداتی اور عادی مجرم تھیں جو مانگنے والیوں کا روپ دھار کر الیکٹرک اسٹور میں چوری کی نیت سے داخل ہوئیں دوکان میں موجود لڑکے نے انکو روکنے کی کوشش کی لیکن انکی چالاکی بھانپ کر وہ فوراً دوکان سے باہر ا؟ یا اور انہیں دوکان کے حفاظتی لباس کی کٹس بننا شروع ہوگئیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور پاکستانیوں نے ہمیشہ مشکل وقت میں بہتر پرفارم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کرکٹ کے میدان میں آئے تو انہیں تنقید کا نشانہ بنایا گیا کہ وہ اچھے کھلاڑی نہیں بن سکتے لیکن انہوں نے بن کر دکھایا پھر کہا گیا کہ وہ اچھے باؤلر نہیں بن سکتے لیکن وہ اچھے باؤلر بھی بنے، پھر کہا گیا کہ اچھے بیٹس مین نہیں بن سکتے مگر انہوں نے اچھا بیٹس مین بن کے دکھایا، پھر کہا گیا کہ یہ ورلڈ چمپئن نہیں بن سکتے لیکن وہ اچھے ورلڈ چمپئن بھی بن گئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نیشن بلڈنگ کی بات کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم نے ملک کو قرضوں سے بچانا ہے کیونکہ ہماری آمدن سے زیادہ خرچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری آئی ٹی کی ایکسپورٹ 2 ارب ڈالر تک جاچکی ہے جس کو اس سال 3 ارب ڈالر تک لے جایا جائے گا اسی طرح ہم نے کامیاب جوان پاکستان پروگرام کے تحت نوجوانوں کو ایک ملین سے لے کر 2 کروڑ روپے تک بہت ہی کم انٹرسٹ ریٹ پر بینکوں سے قرضہ کی سہولت فراہم کی جو پاکستانی تاریخ میں پہلے کبھی نہیں ملی تھی لہٰذا اس رقم سے نوجوان اپنا کاروبار شروع کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 2 لاکھ نوجوانوں کو مختلف سکلز میں آگے لے کر جانا ہے جن میں سے 25 ہزار نوجوانوں کی مختلف سکلز میں سرٹیفکیشن ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں پاکستانی یوتھ پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب آپ بینک سے قرضہ لے کر کاروبار کرسکتے ہیں اور یہ عمران خان کا ہی ویژن ہے کہ انہوں نے آپ نوجوانوں کو جاب ڈھونڈنے والے کی بجائے آپ کو جاب دینے والا بنا دیا ہے مگر اب آپ نے ناممکن کو ممکن بنا کر دکھانا ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ ہم نے پاکستان کو آگے لے کر جانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان ڈیجیٹل پے منٹ پر بہت زیادہ سہولتیں دے گا اور ٹیکس ریلیف بھی ملے گا لہٰذا اب ملک میں زیادہ سے زیادہ انٹرنیٹ کی ضرورت ہے اور ہم انٹرنیٹ کے نظام کو وسیع کرنے کیلئے 31 ارب روپے خرچ کررہے ہیں۔ فرخ حبیب نے کہا کہ فیصل آباد کے اندر فیڈمک میں صنعتکاری کے وسیع مواقع موجود ہیں جبکہ اس کے ساتھ ساتھ ہم پاکستان میں مختلف جگہوں پر ٹیکنالوجی زون بنانے جارہے ہیں جس کا آغاز اسلام آباد میں کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پارلیمنٹ سے سپیشل ٹیکنالوجی زون کا ایکٹ پاس کروایا ہے اور پاکستان میں اگلے سال 5 جی بھی آئے گا اور اس کے ساتھ ساتھ ہم 3 جی اور 4 جی کو بھی بہتر کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سافٹ ویئر ایکسپورٹ پر بھی کام کررہے ہیں جبکہ ہم سب نے پاکستان کی تعمیر وترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ یہاں سے آپ نے جو سیکھا ہے اسے آگے پہنچانا بھی آپ کا فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم 50 ارب روپے کے سکالرشپ دے چکے ہیں اور جو بچے آگے پڑھنا اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں ان کو بھی 2 لاکھ سکالرشپ احساس پروگرام کے تحت دیئے جا چکے ہیں جبکہ مزید سکالرشپس کی فراہمی بھی جاری رکھی جائے گی تا کہ کوئی ٹیلنٹڈ جوان اس وجہ سے تعلیم سے محروم نہ رہے کہ اس کے پاس اعلیٰ تعلیم کیلئے وسائل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح کے پروگرام صوبوں نے بھی شروع کئے ہیں جنہیں وفاقی حکومت تمام ممکن معاونت فراہم کرے گی۔ قبل ازیں آئی ٹی ماہرین نے اپنی زندگی کے پیشہ ورانہ تجربات سے ڈیجیٹل انٹرپرینیوریل ایکوسسٹم کو سپورٹ کرنے کے طریقے شیئر کئے اور بتایا کہ اس پلیٹ فارم کے ذریعے سے پریکٹیکل لرننگ اور سوشل نیٹ ورکنگ کے مواقع حاصل ہوں گے۔ تقریب میں یونیورسٹی کے طلبا و طالبات کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ کانفرنس کے اختتام پر وزیر مملکت اطلاعات ونشریات فرخ حبیب نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر طلباو طالبات میں ایوارڈز اور انعامات تقسیم کئے جبکہ ڈائریکٹر فاسٹ یونیورسٹی چنیوٹ فیصل آباد کیمپس ڈاکٹر شہزاد سرفراز نے وزیر مملکت اطلاعات فرخ حبیب کو سووینیئر بھی پیش کیا۔

بقیہ 22

گا۔ ایف ایٹ کچہری میں وکلاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2007 میں وکلاء کی تحریک میں وکلاء کا بہت رول تھا، وکلاء تحریک میں مجھے جو طاقت ملی، جو جذبہ ملا وہ کبھی نہیں ملے گا، جو بھی ہو وہ مظلوم اور غریبوں کے حق میں ہو۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک اب صرف سرمایہ داروں کا ہے اب محکموں اور غریبوں کے لیے کچھ بھی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جج وکیل کا وکالت نامہ دیکھنے کی بجائے ملزم کا چہرہ دیکھ کر اندازہ لگاتا ہے، جج سوچتا ہے کہ وکیل صاحب آپ کیا وکالت کرینگے یہ تو شکل سے

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز ہفتہ 11 دسمبر 2021ء

یورپی یونین کے 15 ممالک کا 40 ہزار افغانیوں کو پناہ دینے کا فیصلہ

ان 40 ہزار افغانیوں کو پناہ دینے کا اعلان کیا گیا ہے جو طالبان کیخلاف کام کر رہے تھے، زیادہ افغانوں کو کنٹرول شدہ طریقے سے ہجرت کرنے کی اجازت دینے سے غیر قانونی آمد کو روکنے میں مدد ملے گی

85 ہزار افغان باشندے افغانستان چھوڑ کر یورپی یونین کے قریب ممالک میں پہنچ چکے ہیں اور اب طالبان کے کابل پر کنٹرول اور شدید خشک سالی کے بعد مزید مہاجرین کی تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے، غیر ملکی میڈیا

برسلز (این این آئی) یورپی یونین کے 15 ممالک کے گروپ نے 40 ہزار افغانیوں کو پناہ دینے کا فیصلہ کرلیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق یورپی یونین کے 15 ممالک کے گروپ کی جانب سے ان افغانیوں کو پناہ دینے کا اعلان کیا گیا ہے جو طالبان کے خلاف کام کر رہے تھے اور اب ان کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے یا ان کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں۔ سب سے زیادہ افغان شہریوں کو جرمنی پناہ دے گا جن کی تعداد 25 ہزار ہے جبکہ نیدرلینڈ نے 3 ہزار سے زائد، اسپین اور فرانس نے 25، 25 سو افغانیوں کی آبادکاری پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ یورپی یونین کی کمشنر یلوا جانسن نے کہا کہ زیادہ افغانوں کو کنٹرول شدہ طریقے سے ہجرت کرنے کی اجازت دینے سے غیر قانونی آمد کو روکنے میں مدد ملے گی۔ رپورٹ کے مطابق 85 ہزار افغان باشندے افغانستان چھوڑ کر یورپی یونین کے قریب ممالک میں پہنچ چکے ہیں اور اب طالبان کے کابل پر کنٹرول اور شدید خشک سالی کے بعد مزید مہاجرین کی تعداد میں

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر شاخ کا احتجاجی مظاہرہ

اسلام آباد (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر شاخ نے انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اسلام آباد میں دفتر خارجہ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جسکا مقصد عالمی برادری کی توجہ بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز کی طرف سے نہتے کشمیری پر ڈھائے جانے والے مظالم کی طرف مبذول کرانا تھا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت رہنماؤں نے اس موقع پر اپنی تقاریر میں کہا کہ انسانی حقوق کے عالمی اعلامیے میں اس بات پر اتفاق کیا گیا تھا کہ دنیا کی تمام اقوام بلا لحاظ مذہب

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارتی ہندو انتہا پسندوں کی متھرا کی تاریخی عیدگاہ پر قبضے کی دھمکی

ہندو انتہا پسندوں نے مسجد کی جگہ پر ہندوؤں کے دیوتا کرشن کی جائے پیدائش ہونے کا دعوی

بابری مسجد کی شہادت کے بعد پورے بھارت میں مسلم کش فسادات میں 2000 سے زائد مسلمان شہید ہوئے تھے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں ہندو انتہا پسندوں نے متھرا کی عیدگاہ پر قبضے کی دھمکی دے دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی شہر متھرا میں ہندو انتہا پسندوں نے 17 ویں صدی میں بنائی گئی شاہی عیدگاہ پر قبضہ کرنے اور پوجا کرنے کا اعلان کیا ہے۔ متھرا کی شاہی عیدگاہ مسجد میں متھرا کے مسلمان پانچ وقت کی نمازوں کے علاوہ نماز جمعہ اور عید کی نماز بھی ادا کرتے ہیں۔ ہندو انتہا پسندوں نے مسجد کی جگہ پر ہندوؤں کے دیوتا کرشن کی جائے پیدائش ہونے کا دعوی کیا۔ اس سے قبل ہندو انتہا پسند 1992 میں ایودھیا میں تاریخی بابری مسجد

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جو بائیڈن کا ایران سے مذاکرات کی ناکامی پر پینٹاگون کو تیار رہنے کا حکم

مذاکرات کی ناکامی کی صورت میں بائیڈن نے ایران کے خلاف دوسرے آپشن تیار رکھنے کا کہا ہے، وائٹ ہاؤس

صدام حسین خطرناک کیمیائی ہتھیار بنانے میں ملوث ہیں، بعد ازاں تحقیقات سے پتہ چلا کہ امریکی ایجنسیوں کی تمام رپورٹس جھوٹ پر مبنی تھیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے ایران سے جوہری مذاکرات کی ناکامی پر پینٹاگون کو تیار رہنے کا حکم دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا، پانچ بڑی طاقتوں اور ایران میں جوہری معاہدے پر مذاکرات ایک بار پھر کھٹائی میں پڑ گئے کا خدشہ ہے، ترجمان وائٹ ہاؤس جین ساکی نے کہا کہ مذاکرات کی ناکامی کی صورت میں صدر بائیڈن نے ایران کے خلاف دوسرے آپشن تیار رکھنے کا کہا ہے۔ امریکی میڈیا نے دعوی کیا کہ ایران جوہری بم بنانے کے راستے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ واضح رہے کہ امریکہ نے کیمیائی ہتھیاروں کا الزام لگا کر

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری سیکنڈری ایجوکیشن عبدالرؤف بلوچ کو ڈی جی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام عبدالجبار بلوچستان میں رجسٹرڈ مستحق خاندانوں کے طلباء کو وظیفہ دینے کے نئے پروگرام کے اجراء کی مفاہمتی یادداشت پیش کر رہے ہیں

امریکی اور غیر ملکی افواج کا عراق میں جنگی مشن ختم کرنیکا اعلان

ان میں سے زیادہ تر فوجی گذشتہ کچھ عرصے سے صرف میزبان ملک کی سکیورٹی فورسز کو تربیت دینے اور مشاورت کا کردار ادا کر رہے ہیں، مشیر عراقی قومی سلامتی

امریکا نے اس دہشت پسند گروہ کیخلاف فوجی مہم کے لیے ایک بین الاقوامی اتحاد تشکیل دیا تھا اور اس کے تحت 2015 میں عراق میں اپنے ایک نئے جنگی مشن کا آغاز کیا تھا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی قیادت میں غیر ملکی افواج نے عراق میں اپنا جنگی مشن ختم کردیا ہے۔ اب ملک میں موجود غیر ملکی فوجی تربیتی مشن انجام دیں گے اور مشورے کا کردار ادا کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عراق کے قومی سلامتی کے مشیر قاسم العراجی نے بتایا کہ جنگی مشن مقررہ وقت سال کے اختتام سے قبل ہی ختم کردیا گیا ہے اور اب لڑاکا فوجیوں کا عراق سے انخلا ہوجائے گا۔ امریکی صدر جو بائیڈن اور عراقی وزیراعظم مصطفیٰ الکاظمی نے جولائی میں عراق میں امریکا کے لڑاکا مشن کو 2021 کے آخر تک باضابطہ طور پر ختم کرنے کے معاہدے پر مہر تصدیق کی ثبت کردی تھی۔ مغرب کے سکیورٹی اور سفارتی حکام کا کہنا تھا کہ اس تبدیلی کو انخلا قرار دینے کا عمل گمراہ کن ہے کیونکہ عراق میں تعینات افواج کی تعداد میں بہت کم تبدیلی آئی ہے۔ امریکا نے عراق میں 2020 سے اب تک قریبا 2500 فوجی تعینات رکھے ہوئے ہیں۔ مغربی حکام کا کہنا تھا کہ ان میں سے زیادہ تر فوجی گذشتہ کچھ عرصے سے

